فوری ریلیز کے لیے: 21/5/2025 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے پانی کے معیار میں بہتری لانے اور فنگر لیکس واٹرشیڈ ایریا میں نقصان دہ کائی کی نشو نما سے نمٹنے میں تیزی لانے کے لیے اضافی کارروائیوں کا اعلان کیا

تقریباً $42 ملین 11 کاؤنٹی فنگر لیکس واٹرشیڈ ایریا میں HAB میں کمی اور پانی کے معیار کی حفاظت کے لیے بہترین انتظامی طریقوں کے نفاذ کے لیے ادا کیے جائیں گے

نقصان دہ کائی کی نشو نما کے تواتر کو کم کرنے، پانی ابل کر باہر آنے سے بچاؤ، پینے کے پانی کی حفاظت اور مقامی کسانوں کی معاونت کرنے میں موجودہ ریکارڈ سرمایہ کاریوں کو بروئے کار لایا جائے گا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ ایسٹرن فنگر لیکس کولیشن (Eastern Finger Lakes Coalition) کو ان ترجیحی منصوبوں پر عمل درآمد شروع کرنے کے لیے $42 ملین ادا کیے جائیں گے جو فنگر لیکس واٹرشیڈ کے علاقے میں نقصان دہ کائی کی نشو نما کو کم کرنے میں مدد کریں گے۔ یہ کولیشن فارم پر اور فارم سے باہر ایسے منصوبوں پر عمل درآمد کرے گا جو وفاق اور ریاست سے منظور شدہ صاف پانی کے منصوبوں اور دیگر آلودگی سے بچاؤ کے منصوبوں کے مطابق ہوں گے تاکہ مشرقی فنگر لیکس واٹرشیڈز میں غذائی اجزاء اور گارے کے بہہ جانے کو مزید کم کیا جا سکے۔ یہ سرمایہ کاری نقصان دہ کائی کی نشو نما (Harmful Algal Blooms, HAB) کے قابل انسداد اسباب کا حل کرنے اور ان کا پھیلاؤ نمایاں طور پر کم کرنے کے لیے ضروری اقدامات کو فروغ دینے اور ساتھ ساتھ ایسے منصوبوں جو جھیلوں میں غذائی اجزاء اور گارے کے بہہ جانے کو روکنے اور آب و ہوا کی لچک کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرتے ہیں، کی معاونت کرنے کے لیے گورنر کے 2024 کے ریاستی عزم کا ایک حصہ ہے۔

گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔ "نیویارک کو فراہم کیے جانے والے پانی کی حفاظت ریاست نیو یارک کے لیے اولین ترجیح ہے،" "ہم اس فنڈنگ کو واٹرشیڈ کے تحفظ اور بحالی کے اقدامات کو تیز کرنے کے لیے تیزی سے منتقل کر رہے ہیں جو کہ فنگر لیکس میں غذائی اجزاء پہنچنے کو کم کریں گے، پانی کے معیار کو بہتر بنائیں گے اور HAB کی شرح کو کم کرنے میں مدد دیں گے، جبکہ نیو یارک کی زرعی صنعت کی معاونت کے لیے لچک پیدا کریں گے۔ صاف پانی ہماری کمیونٹیز کی صحت کو برقرار رکھنے، ہمارے ماحول کی حفاظت اور فنگر لیکس میں مقامی معیشتوں کی معاونت کے لیے انتہائی اہم ہے۔"

اگست 2024 میں، ریاست نیو یارک نے اعلان کیا کہ صاف پانی، صاف ہوا اور گرین جابز سے متعلق ماحولیاتی بانڈ ایکٹ (Clean Water, Clean Air, and Green Jobs Environmental Bond Act) 2022 اور سرمائے کے دیگر ذرائع کے تعاون سے ملنے والے $42 ملین ایسٹرن فنگر لیکس کولیشن کو پانی کے معیار کے تحفظوں اور فنگر لیکس واٹرشیڈ ایریا میں HAB کو کم کرنے کی سرمایہ کاریوں میں پیشرفت کے لیے دیے جا رہے ہیں۔ HAB بہت سے عوامل کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں اور صحت عامہ، تفریح اور مقامی معیشت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ یہ اتحاد مٹی اور پانی کے تحفظ کے 11 ڈسٹرکٹس اور نیو یارک کے فنگر لیکس کے سات ڈسٹرکٹس – کینٹیگوا (Canandaigua)، کیوکا (Keuka)، سینیکا (Seneca)، کایوگا (Cayuga)، اوواسکو (Owasco)، اسکانیاٹیلیس (Skaneateles) اور اوٹیسکو (Otisco) اور ان کے واٹرشیڈز کا احاطہ کرتا ہے۔

اتحاد کے لیے فوری طور پر مقرر کردہ یہ وقف شدہ فنڈنگ فارمز کے اندر اور باہر دونوں طرح کے جدید زرعی اور لچکدار منصوبوں کی معاونت کر رہی ہے۔ یہ انتہائی اہم سرمایہ کاری نہ صرف فنگر لیکس کی صحت کا تحفظ کرے گی بلکہ مقامی کسانوں کو بہترین انتظامی طریقے، جیسے کٹاؤ اور گارے پر قابو، غذائی اجزاء کی انتظام کاری اور طوفان کے پانی کی انتظام کاری، نافذ کرنے کے لیے اضافی وسائل فراہم کر کے بھی ان کی معاونت کرے گی جو پورے خطے میں صاف پانی اور مٹی کی صحت میں معاون ثابت ہوں گے۔

اتحاد کی یہ براہ راست حمایت محکمہ زراعت اور مارکیٹس (Department of Agriculture and Markets, AGM) اور محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (Department of Environmental Conservation, DEC) کی شراکت داری کا ایک حصہ ہے، ریاستی مٹی اور پانی کے تحفظ کی کمیٹی کے ساتھ، اور مشرقی فنگر لیکس میں 11 مٹی اور پانی کے تحفظاتی اضلاع (Soil and Water Conservation Districts, SWCD) کے ساتھ، تاکہ واٹر شیڈ کی حفاظت اور بحالی کے اقدامات کو تیز کر کے پانی کے معیار میں بہتری لائی جائے اور HAB کو کم سے کم کیا جا سکے۔

منصوبے ان معاملات پر توجہ مرکوز کریں گے:

- زرعی ماحولیاتی انتظام کاری (Agricultural Environmental Management, AEM) پروگرام کے منصوبوں کا نفاذ جو کسانوں کی زرعی سرگرمیوں سے ہونے والی پانی کی آلودگی کو کم کرنے میں مدد کریں؛
- خطرات سے دوچار ندیوں کو مستحکم بنا کر اور ان کا تحفظ کر کے، گارے کے کٹاؤ کو کم کر کے، اور نالوں کو اپ گریڈ کر کے اور سڑکوں کے کنارے گہرے گڑھوں میں پانی پر قابو کے طریقوں کو نافذ کر کے سیلاب کی لچک کو بڑھانا تاکہ گارہ بننے اور پانی ابل پڑنے کو کم سے کم کیا جا سکے؛ اور
- واٹرشیڈ کے منصوبوں میں بیان شدہ غذائی اجزاء میں کمی کی حکمت عملیوں کی معاونت۔

محکمہ تحفظ ماحولیات کی قائم مقام کمشنر Amanda Lefton (امندا لیفٹن) نے کہا، "HAB کی شرح کو کم کرنے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کی مسلسل سرمایہ کاریاں ایسٹرن فنگر لیکس کولیشن کے لیے جاری تعاون کے ساتھ ساتھ بنیادی ڈھانچے میں ریکارڈ فنڈنگ اور پائیدار کاشتکاری کی معاونت سے واضح ہیں جو ریاست بھر میں آبی ذخائر کے معیار کو بہتر بنانا جاری رکھنے میں مدد کرتی ہے۔ DEC ریاستی اور مقامی سطح پر اس اتحاد اور ہمارے بہت سے شراکت داروں کے ساتھ تعاون کرنے کے لیے پُر امید ہے تاکہ ان جھیلوں اور دریاؤں کے طویل مدتی تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے جو خطے کی متحرک کمیونٹیز میں ماحولیات، صحت اور اقتصادیات کے حوالے سے بے بہا کردار ادا کرتے ہیں۔"

ریاستی کمیشنر برائے زراعت Richard A. Ball(State Agriculture) (رچرڈ اے بال) نے کہا، "ہمیں اس کام پر فخر ہے جو ہم HAB پیدا ہونے کو کم کرنے کے لیے کر رہے ہیں؛ تاہم، ہم جانتے ہیں کہ ہمارے واٹرشیڈز بشمول فنگر لیکس میں اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے مزید کام کیا جانا ہے۔ سو، ہم جامع ایکشن پلانز تیار کر رہے ہیں جو نہ صرف پانی کی آلودگی کو روکنے، غذائی اجزاء کی انتظام کاری کو بہتر بنانے اور کٹاؤ کو کم کرنے کے لیے ہمارے موجودہ کام پر استوار ہوں گے، بلکہ ایک پائیدار ماحول اور پانی کے صاف تر ذخائر کے لیے ہمارے مستقبل کے اہداف کی رہنمائی بھی کریں گے۔ یہ فنڈنگ ہمارے مٹی اور پانی کے تحفظ کے اضلاع کو ہمارے فارمز اور مقامی حکومت دونوں کے ساتھ انتظامی منصوبوں کو مکمل کرنے کے لیے کام کرنے کا موقع دے گی جو آبی گزرگاہوں میں داخل ہونے والے گارے اور غذائی اجزاء میں کمی لانے پر اہم اثر ڈالیں گے اور خطے کے لیے پانی کے معیار کو آج اور مستقبل کے لیے محفوظ رکھیں گے۔"

ریاستی کمیشنر برائے صحت Dr. James McDonald (State Health Department) (ڈاکٹر جیمز میکڈونلڈ) نے کہا، "یہ تازہ ترین فنڈنگ فنگر لیکس واٹرشیڈ کے علاقے میں پانی کے معیار میں بہتری اور نقصان دہ کائی کی نشو نما سے نمٹنے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کے عزم کو ظاہر کرتی ہے۔ ریاستی محکمہ صحت

پانی کے مقامی ترسیل کنندگان اور ہمارے ریاستی شراکت داروں کے ساتھ بنیادی ڈھانچے کی اپ گریڈز اور تکنیکی معاونت پر کام کریں گے تاکہ آنے والے کئی سالوں تک پینے کے پانی کی حفاظت ہو۔"

کایوگا SWCD کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Doug Kierst (ڈوگ کیرسٹ) نے کہا، "NYS کی مسلسل حمایت کے ذریعے، ایسٹرن فنگر لیکس کولیشن کے مٹی اور پانی کے تحفظ کے اضلاع موقع پر عام فہم تحفظ کے طریقے حاصل کرنا جاری رکھیں گے، جہاں ان کی اشد ضرورت ہے۔ یہ وقف شدہ فنڈنگ مقامی SWCDs کو بہترین انتظام کاری کے وافر طریقوں (Best Management Practices) کے نفاذ پر توجہ مرکوز کرنے کی اجازت دے گی جن کی ہم نے فنگر لیکس ریجن میں نشاندہی کی ہے۔ یہ اہم منصوبے، مکمل ہونے پر، مقامی آبی ذخائر میں سے غذائی اجزاء اور گارے کو کم کرنے کے ذریعے پانی کے معیار کے تحفظ میں سہولت فراہم کریں گے، NYS کے صاف پانی کے اہداف کی معاونت کریں گے اور زرعی پائیداری کو برقرار رکھیں گے۔"

HABs میں کمی کی کاوشیں

یہ سرمایہ کاری $1.2 ملین کو بروئے کار لا رہی ہے جس کا اعلان گورنر نے جولائی 2024 میں ایسٹرن فنگر لیکس کولیشن کے لیے کیا تاکہ HAB سے نمٹنے کے لیے پیشہ ورانہ صلاحیت پیدا کی جا سکے۔ اس میں کاشتکاروں کے لیے تکنیکی معاونت میں اضافہ بھی شامل ہے تاکہ وہ زیادہ احاطہ شدہ فصلوں کو لاگو کر سکیں، پانی ابل کر باہر آنے کو کم کرنے کے لیے نالوں کو بہتر بنائیں، مٹی کی صحت کو بہتر بنائیں اور خطے میں پانی کے معیار کی خرابیوں کو کم کریں۔

صرف گزشتہ پانچ سالوں میں، AGM نے تقریباً $125 ملین— اپنے زراعتی غیر نقطہ ماخذ کم کرنے اور کنٹرول، ماحولیاتی تبدیلی کے حوالے سے لچکدار زراعت، اور زرعی ماحولیاتی انتظام کاری (Agricultural Environmental Management, AEM) پروگراموں کے ذریعے— کھیتوں پر ایسے منصوبوں پر خرچ کیے ہیں جو مٹی اور پانی کے معیار کی حفاظت، قدرتی وسائل کی حفاظت، موسمیاتی تبدیلی کے خلاف جنگ اور HAB کی وجوہات، جیسے غذائی مواد کا بہہ جانا اور مٹی کا کٹاؤ، اور گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج کو کم کرتے ہیں۔

بجٹ میں مختص کردہ فنڈنگ کے مختلف زمروں کے ذریعے، محکمہ ان SWCD کی مدد کر رہا ہے، جو نیو یارک کے فارمز کی جانب سے غذائی اجزاء اور گارے کے کنٹرول کے طریقوں کو نافذ کرنے پر کام کر رہے ہیں۔ یہ محکمہ SWCD کی ان کے کام میں بھی مدد کرتا ہے تاکہ ریاست کی بلدیات کے ساتھ مل کر طوفان کے پانی کو جذب کرنے میں اضافہ ہو اور پانی ذخیرہ کیے رکھنے میں بہتری آئے۔ یہ سب بہترین انتظامی طریقوں سے کیا جاتا ہے، جیسے کھاد ذخیرہ کر کے غذائیت کی انتظام کاری، ندیوں کے ساتھ پودوں کے لیے قطعات، تحفظ کے لیے احاطہ کرنے والی فصلیں، پانی کی انتظام کاری اور بہت کچھ۔

2020 سے، صرف فنگر لیکس واٹرشیڈ ایریا کے لیے، ریاست کے اس علاقے میں 370 فارمز پر بہترین انتظامی طریقوں کو نافذ کرنے کے لیے گزشتہ پانچ سالوں میں $66 ملین ایوارڈ کیے گئے ہیں۔ صرف فنگر لیکس میں ہی ایوارڈ کیے گئے منصوبوں نے مجموعی طور سالانہ 32,800 پاؤنڈ فاسفورس، 746,000 پاؤنڈ کُل نائٹروجن اور 43 ملین پاؤنڈ گارہ کم کیا ہے۔ اس کام سے ریاست نیو یارک کے زرعی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں بھی ہر سال تقریباً 43,000 میٹرک ٹن کاربن ڈائی آکسائیڈ کے مساوی کمی ہوئی ہے اور HAB کو ریاست کی آبی گزرگاہوں سے دور رکھنے کے لیے بھی خاطر خواہ اثر پڑا ہے۔

2017 سے، DEC نے کینانڈائیگوا، کیوکا، سینیکا، اوواسکو، اور سکینیٹیلز جھیل کے واٹر شیڈز میں اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ کام کیا ہے تاکہ پانی کے معیار کی حفاظت اور اسے بہتر بنانے کے لیے صاف پانی کے منصوبے تیار کیے جائیں۔ اس کے علاوہ، DEC نے کونیسس (Conesus)، ہنیئوئے (Honeoye) اور کایوگا جھیلوں میں کُل زیادہ سے زیادہ روزانہ لوڈ کا (Total Maximum Daily Load) تجزیہ مکمل کر لیا ہے۔ 2018 میں، DEC نے HABs کی وجوہات کا جائزہ لینے اور ان کے اثرات میں کمی لانے کے لیے پائیدار حل تیار کرنے کے سلسلے میں چار علاقائی سربراہی اجلاس بلائے ہیں۔ DEC نے ریاستی اور مقامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر 13 اعلیٰ ترجیحی آبی ذخائر کے لیے HAB ایکشن پلانز تیار کرنے اور لاگو کرنے کے لیے کام کیا، جن میں سے کئی مشرقی فنگر لیکس میں ہیں۔

آج تک، ریاست نیو یارک نے فاسفورس اور نائٹروجن کی آلودگی، جو HAB پیدا ہونے کو متحرک کرتے ہیں، کو نشانہ بنا کر کائی کی نشو نما کی شرح کم کرنے کے لیے بنائے گئے منصوبوں کے لیے 530$ ملین سے زیادہ گرانٹ دیے ہیں۔ DEC نے نیو یارک کا نقصان دہ الگل بلوم سسٹم (New York Harmful Algal Bloom System, NYHABS) کا ویب پیج بھی بنایا، جس میں ایک انٹرایکٹو نقشہ موجود ہے جو فعال HAB کے حامل مقامات فراہم کرتا ہے۔ عوام الناس کو چاہیے کہ HAB پیدا ہونے کا شک ہونے کی اطلاع دیں تاکہ DEC کے ماہرین تصدیق کے لیے جائزہ لے کر شناخت کر سکیں۔ کیونکہ ایک HAB کے مقابل غیر نقصان دہ کائی کے اُگاؤ کے بارے میں بتانا مشکل ہے، اس لیے تیراکی، کشتی رانی، بصورت دیگر مشتبہ اُگاؤ والا پانی پینے سے گریز کرنا ہی بہتر ہے۔ DEC سارا سال، خاص کر گرمیوں میں لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ "اس کو جانیں، اس سے بچیں، اس کی اطلاع دیں!" (Know it, Avoid it, Report it!)۔ موسمِ گرما کے مہینے HABs کے لیے عروج کا وقت ہوتے ہیں – جب موسم نسبتاً زیادہ گرم ہوتا ہے، حالات پُرسکون ہوتے ہیں، اور اکثر دھوپ کی زیادتی اس اُگاؤ میں کردار ادا کرتی ہو گی۔

اس کے علاوہ، 2014 سے اب تک، DEC نے واٹر کوالٹی امپرووومنٹ پروجیکٹ پروگرام اور غیر زرعی نان پوائنٹ سورس پلاننگ اور MS4 میپنگ گرانٹ کے (Non-agricultural Nonpoint Source Planning and MS4 Mapping Grant) ذریعے ایسٹرن فنگر لیکس واٹرشیڈ کے اندر پانی کے معیار میں بہتری کی منصوبہ بندی اور عمل درآمد کے لیے 96 منصوبوں کو 55.7$ ملین سے زیادہ ایوارڈ کیے۔ فنڈز سے چلنے والے پروجیکٹس کے تحت منصوبہ بندی کی رپورٹس تیار کی جاتی ہیں یا پانی کے معیار یا رہائش گاہ کے ماحول کو براہ راست بہتر بنایا جاتا ہے، سیلاب کے خطرے میں کمی، بحالی، اور سیلاب اور ماحولیاتی پائیداری میں اضافہ، یا پینے کے پانی کے کسی ذریعے کا تحفظ کیا جاتا ہے۔ مشرقی فنگر لیکس واٹر شیڈ کے اندر کے ایوارڈز میں منبع کے پانی کے تحفظ کے لیے زمین کا حصول، ندی نالوں کے کناروں اور سڑک کے گڑھوں کو مستحکم بنانے، گندے پانی کو جراثیم سے پاک کرنے، سینیٹری گٹر کے اُبل کر بہنے کی صورت میں بہتری لانے، رسوب اور کٹاؤ پر قابو پانے، ویٹ لینڈ کی بحالی، زمین کے تحفظ کی غرض سے درختوں یا جھاڑیوں والے بفرز، نمک کا ذخیرہ کرنا، اور آبی رہائش والے ماحول کی بحالی شامل ہے۔

کم از کم 75$ ملین کی گرانٹس فی الحال DEC کے واٹر کوالٹی امپرووومنٹ پراجیکٹ (Water Quality Improvement Project, WQIP) پروگرام کے ذریعے نئے منصوبوں کی مدد کے لیے دستیاب ہیں جو HAB کو کم کرنے اور براہ راست پانی کے معیار یا قدرتی مسکن کو بہتر بنانے، سیلاب کے خطرے میں کمی، بحالی، اور سیلاب اور آب و ہوا کی لچک کو بڑھانے، یا پینے کے پانی کے ذرائع کی حفاظت کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

پانی کے معیار کے تحفظ میں مدد کے لیے دیگر حالیہ فنڈنگ میں اوبرن شہر (Auburn) کے لیے 90$ ملین سے زیادہ گرانٹس اور کم سود پر مالی اعانت شامل ہے جس کا اعلان گورنر Hochul (ہوکل) اور انوائرمنٹل فیسلٹیز کارپوریشن (Environmental Facilities Corporation, EFC) نے کیا ہے۔ اس سے گندے پانی کی صفائی میں بہتریوں کی منصوبہ بندی، ڈیزائن اور تعمیر میں مدد ملے گی۔ ایسے بفرز کو فروغ دینے میں مدد کرنے کے لیے جو پانی کے بہاؤ اور پانی کے معیار کی دیگر خرابیوں کو روکتے ہیں، DEC نے کایوگا جھیل کے کنارے 287 ایکڑ پر محیط کایوگا شورز وائلڈ لائف مینیجمینٹ ایریا قائم کیا اور اواسکو جھیل کے پانی کے معیار کے تحفظ کے لیے فنگر لیکس لینڈ ٹرسٹ کو زمین کے (Finger Lakes Land Trust) حصول کے لیے 1.2$ ملین کا ایوارڈ دیا۔

پانی کے معیار کے حوالے سے نیو یارک کا عزم

ریاست نیو یارک پانی کے بنیادی ڈھانچے میں اپنی ملک کی سرکردہ سرمایہ کاریوں کو بڑھانا جاری رکھے ہوئے ہے۔ 2025-2026 کے نافذ کردہ ریاستی بجٹ میں گورنر Hochul (ہوکل) کے اعلان کردہ صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کے لیے اضافی 500$ ملین کو ملا کر، نیو یارک 2017 سے اب تک پانی کے بنیادی ڈھانچے میں مجموعی طور پر 6$ بلین کی سرمایہ کاری کر چکا ہے۔ اس کے علاوہ، 4.2$ بلین کے ماحولیاتی بانڈ ایکٹ کی جانب سے ریاستی ایجنسیوں، مقامی حکومتوں، اور شراکت داروں کی فنڈز تک رسائی میں مدد کی جا رہی ہے تاکہ پانی کے معیار کا تحفظ کیا جائے، موسمیاتی تبدیلیوں کے مطابق ڈھالنے میں کمیونٹیز کی مدد کی جائے، پائیداری میں بہتری لائی جائے، اور سرسبز ملازمتیں پیدا کی جائیں۔ بانڈ ایکٹ کی فنڈنگ پینے کے پانی کے ذرائع کی حفاظت، آلودگی کو

کم کرنے، اور علاقوں اور قدرتی وسائل کو موسمیاتی تبدیلیوں سے بچانے کے لیے ریاست بھر میں نئے اور توسیعی منصوبوں کی کفالت کرے گی۔

گورنر نے EFC کی کمیونٹی معاونتی ٹیموں کو بھی وسعت دی ہے تاکہ تمام کمیونٹیز، خاص طور پر چھوٹی، دیہی اور پسماندہ کمیونٹیز کو امداد تک رسائی حاصل کرنے میں مدد ملے، تاکہ وہ اس فنڈنگ سے فائدہ اٹھا سکیں اور صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے کے حوالے سے اپنی ضروریات پوری کر سکیں۔ جس کمیونٹی کو اپنے پانی کے بنیادی ڈھانچے کی فنڈنگ میں مدد کی ضرورت ہو اسے ترغیب دی جاتی ہے کہ EFC سے رابطہ کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں